رولنمبر اُمیدوار خُود لکھے.................

# SSC (10th) 1st Annual 2024

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

اُردو (لازمی) — گروپ: پہلا — پرچہ: II — معروضی-(iii) — نمبر: 15 — وقت: 20 منٹ

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D اور C, B, A دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ اوّل SWL-1/24

سوال نمبر۔1

| جز۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | انتہا تک پہنچنے کی شرط ہے۔ | ابتدا کرنا | جہدِ مسلسل | ایثار | چاہت اور محنت |
| 2. | درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | مَنزَل | مَنزِل | مَنزَلْ | مِنزَل |
| 3. | ایسا اسم صفت جو موصوف کی ذات اور حقیقت سے تعلق رکھے، کہلاتا ہے۔ | اسم معاوضہ | اسم مکبر | اسم صوت | صفت مُشبّہ |
| 4. | وہ جملہ جس میں فعل امر، فعل نہی، سوال، ندا، تمنا پائی جائے کہلاتا ہے۔ | مرکب اشاری | جملہ انشائیہ | مرکب توصیفی | مرکب عطفی |
| 5. | اسم ظرف زماں نہیں ہے۔ | صبح | دن | تارگھر | آج |
| 6. | درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | مَعَذِرَت | مِعذَرَت | مُعْذَرِت | مَعذِرَت |
| 7. | مرزا محمد سعید کا تعلق تھا۔ | امیر گھرانے سے | غریب گھرانے سے | جنگجو گھرانے سے | متمول گھرانے سے |
| 8. | "لذت افزائے شورِ طفلی" میں اشارہ کیا گیا ہے۔ | بادل کی طرف | عیدالفطر کے چاند کی طرف | نمازِ عیدالفطر کی طرف | ستارے کی طرف |
| 9. | مصنف کے دوست شور مچاتے اور چیزوں کو الٹ پلٹ کرتے ہوئے آئے۔ | محمد تحسین | قرض خواہ دوست | احمد مرزا | طالب علی |
| 10. | چغل خور رہتا تھا۔ | گاؤں میں | قصبے میں | شہر میں | بیرونِ ملک |
| 11. | درجہ کمال تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے۔ | جدوجہد | صلاحیت | خوش بختی | وسائل کا ہونا |
| 12. | اِستنبول کا فاتح ہے۔ | حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ | سلطان محمد فاتح | مراد ثانی | سلطان سلیمان |
| 13. | رشید احمد صدیقی نے خط میں سانحۂ رحلت کا ذکر کیا ہے۔ | مولانا ضیا احمد | بیگم ڈاکٹر محمد حسن | برادر سید بشیر الدین | بیگم سید بشیر الدین |
| 14. | دن کارات کی مانند ہونے کا سبب تھا۔ | آفتاب کی حدت | تپش | لُو | دھوپ |
| 15. | شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے۔ | پھلواری | ٹوکری | دلکش کھیتی | نگری |

ساہیوال

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے..................

# SSC (10th) 1st Annual 2024

اُردو (لازمی) | گروپ: پہلا | پرچہ: II | انشائی | نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

SWL-1-24

## حصہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل)۔ 6=2x3

### (حصہ نظم)

i. پانی تھا آگ ، گرمیِ روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی ، کباب تھی

ii. یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر! — ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

iii. سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

iv. مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری — رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری

### (حصہ غزل) 4=2x2

i. نہیں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — غنیمت گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

ii. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

iii. تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید اُبھرے ہیں

## حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 10=5x2 $(2 + 2 + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} = 5)$

(الف) اقبال کے ہاں ہلالِ عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا، ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے۔ یتیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبالؒ اس رونے کی عکاسی کرتے ہیں جس پر نثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ یادِ طفلی علامہ اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے۔

(ب) استنبول ترکی کا ایک شہر ہے۔ استنبول کے شہر پر مسلمانوں کا پہلا حملہ ۶۷۲ء میں ہوا تھا۔ لیکن وہ سات سال تک محاصرے کے بعد ناکام واپس ہوئے۔ اس محاصرے کی تاریخی اہمیت یہ ہے کہ اس میں جلیل القدر صحابی حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ شریک تھے۔ اسی مہم کے دوران میں ان کا انتقال ہوا اور وہ استنبول ہی میں مدفون ہوئے۔

(ورق الٹیے)

www.pakcity.org



4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات دیجیے: 10=5x2

i. انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

ii. سلطان ٹیپو اپنی جد و جہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

iii. شدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟

iv. عید کی شاعری کا ہماری شاعری روایات سے کیا تعلق ہے؟

v. لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

vi. نظم 'کسان' میں شاعر نے ارتقا کا پیشوا کسے کہا ہے؟

vii. نظم 'مال گودام روڈ' کے آخری شعر میں حکومت کو کیا توجہ دلائی گئی ہے؟

viii. جگر مراد آبادی اپنی غزل کے مطلع میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) ملمّع

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) تندرستی ہزار نعمت ہے (ب) محسنِ انسانیت ﷺ (ج) سیلاب کی تباہ کاریاں

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10=2x5

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

i. اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

ii. کلمہ طیبہ کے تحت اسلام نے کونسا نیا قومی رشتہ قائم کیا ہے؟

iii. اسلام میں ایک رشتے میں منسلک ہونے کیلئے کس چیز پر ایمان لانا ضروری ہے؟

iv. کیا اسلام میں گورے مسلمان کو کالے پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

v. اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



ساہیوال

رولنمبر اُمیدوار خود لکھے ..................

## SSC (10th)1st Annual 2024

اُردو (لازمی) | گروپ: دوسرا | پرچہ: II | معروضی-(iii) | Paper Code 7 0 2 6 | نمبر: 15 | وقت: 20 منٹ

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ اوّل SWL-2-24

سوال نمبر-1

| نمبر | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | لفظ "چاقو" گرامر میں ہے: | اسم علم | اسم ضمیر | اسم اشارہ | اسم آلہ |
| .2 | زمین پر خلقِ خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟ | بادل کے سایہ کو | آب خنک کو | بارش کو | ٹھنڈی ہوا کو |
| .3 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | فُقَرَا | فُقْرَا | فَقِرَا | فُقِرَا |
| .4 | حسرت موہانی کے مطابق کون سی چیز راحت فزا ہو گئی؟ | ناکامی | حسرت | مُصیبت | رنج |
| .5 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | مُحْتَرَمْ | مُحْتَرِم | مُحَتَرِمْ | مُحِتَرَمْ |
| .6 | "اپنی خاکستر" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ | سرزمین سیالکوٹ | امتِ مسلمہ | سرزمین طرابلس | سرزمین پاک وہند |
| .7 | مرزا محمد سعید کا تعلق تھا۔ | غریب گھرانے سے | متمول گھرانے سے | امیر گھرانے سے | جنگجو گھرانے سے |
| .8 | مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لئے تحریک شروع کی گئی۔ | شُدھی | ہندی | سنگھٹن | خلافت |
| .9 | مصنف نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اُسے کہا ہے۔ | دلیر مگر ست | کاہل اور نکما | کاہل اور کام چور | نکما اور کام چور |
| .10 | لڑکی نے ریل کا سفر کس درجے میں کیا؟ | انٹر | اوّل | دوئم | اے۔سی |
| .11 | رشید احمد صدیقی نے اپنے خط میں کس کے گراں بار احسانات ہونے پر شکریہ ادا کیا؟ | مولانا ضیا احمد | ڈاکٹر محمد حسن | ظہیر احمد صدیقی | سید بشیر الدین |
| .12 | میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟ | میر مجروح | میرن | میر نصیر الدین | شاہ محمد عظیم |
| .13 | مسلمانوں نے استنبول پر حملہ کب کیا؟ | 671ء | 672ء | 673ء | 677ء |
| .14 | "بانگِ درا" قواعد کی رو سے ہے: | اسم ذات | اسم صفت | اسم نکرہ | اسم معرفہ |
| .15 | "تم مت آؤ" گرامر کے مطابق ہے: | فعل امر | فعل ماضی | فعل نہی | ماضی مطلق |

108-224-1A-31000★★★

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے.................

**SSC (10th) 1st Annual 2024**

**اُردو (لازمی)** | گروپ: دوسرا | پرچہ: II

انشائی

نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

SWL-2-24

## حصہ دوم

-2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل)۔ 6=2x3

(حصہ نظم)

i. بچے کا نہ ہنس کا چرانا محبت / [illegible]

ii. گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں / انگارے تھے حباب تو پانی شرار تھا

iii. تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور / دیدۂ انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور

iv. سب محنت کش گھر کو چلے اور اُبھرا اک پیغام / [illegible]

(حصہ غزل) 4=2x2

i. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے / وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

ii. نازک تھے کہیں رنگِ گل و بوئے سمن سے / جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

iii. یوں تو ہنگامے اُٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق / مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

## حصہ سوم

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 10=5x2 $(2 + 2 + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} = 5)$

(الف) اس وقت ٹکٹ اس کے ہاتھ میں ایک من کا بوجھ تھا۔ وہ ایک لمحہ تک تذبذب کی حالت میں کھڑی رہی۔ آخر اسے ٹکٹ دیتے ہوئے شکست مان لینا پڑی۔ وہ مضمحل قدموں سے باہر نکلی۔ اس وقت اس کی حالت اس شخص کی سی تھی جس نے اپنے کپڑوں پر پانی کی ایک چھینٹ پڑے بغیر دریا پار کر لیا ہو لیکن کنارے پر پھسل کر پانی میں شرابور ہو جائے۔

(ب) بادلِ ناخواستہ میں اٹھا اور نیچے گیا۔ شاکر صاحب کے دوست راجا طالب علی صاحب تشریف لائے تھے۔ ان سے میرا تعارف کرایا گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ تشریف لے گئے اور مجھے بھی فرصت ملی اور میں نے یکسو ہو کر لکھنا شروع کیا۔ تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ کسی نے پھر دروازہ کھٹکھٹایا۔ معلوم ہوا کہ میری پھر یاد ہوئی۔

(ورق اُلٹیے)



-4 درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات دیجیے: 10=5x2

i. "عالم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے" اس جملے کا مفہوم مختصر الفاظ میں بیان کیجیے۔

ii. سیدانی بی نے کیا سوچ کر شہزادی کی شادی میں شرکت کا ارادہ ترک کر دیا؟

iii. چاندنی چوک میں صدا لگانے والے فقیر کا حلیہ اپنے الفاظ میں مختصر لکھیے۔

iv. چغل خور کو اپنی بُری عادت سے کیا نقصان اُٹھانا پڑا؟

v. علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی باتیں کرتے ہوئے علی بخش کی کیا کیفیت تھی؟

vi. نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" میں تازہ انجم کے ظہور کا مفہوم واضح کیجیے۔

vii. کون سی قوتیں کسان کے سامنے سرنگوں رہتی ہیں؟

viii. دل وحشی سے کیا مُراد ہے؟ (بحوالہ غزل فراق گورکھپوری)

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) نام دیو مالی (ب) پرستان کی شہزادی

-6 درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) محنت کی برکتیں (ب) عیدین (ج) عیادتِ مریض

-7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10=2x5

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون سے ہیں؟

ii. جرمن اور عبرانی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. برصغیر پاک و ہند میں بولی جانے والی زیادہ تر زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iv. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

v. زبان کی ضرورت کیوں محسوس کی جاتی ہے؟

108-224-1A-31000

www.pakcity.org

Roll No. 131624 (اُمیدوار خود پُر کرے)

**اُردو** (لازمی) **S.S.C (10th) 1st Annual 2023** وقت : 20 منٹ

پرچہ: II گروپ : پہلا معروضی- (iii) نمبر : 15

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

SWL-1-23

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر۔1 حصہ اوّل

| جز۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے۔ | کج ادا سے | دل ربا سے | خوش ادا سے | مل کے بھی جو نہیں ملتا |
| .2 | "مکھڑا" گرامر کی رو سے ہے۔ | اسم مکبر | اسم مصغر | اسم آلہ | اسم صوت |
| .3 | لفظ "اقامت" کا درست تلفظ ہے۔ | اِقامَت | اَقامِت | اَقامَت | اِقامِت |
| .4 | "لاہوری نمک" گرامر میں ہے۔ | صفت نسبتی | صفت بعض | صفت کل | صفت اصلی |
| .5 | بلحاظ گرامر لفظ "بیاہتا" ہے۔ | اسم مفعول | اسم مفعول قیاسی | اسم فاعل | اسم مفعول سماعی |
| .6 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | مِحْبُوْب | مُحْبُوْب | مَحْبُوْب | مُحَبُوْب |
| .7 | توپ کاپی میں موجود فوجی عجائب خانہ کو کہا جاتا ہے۔ | فوجی آثار قدیمہ | عثمانی میوزیم | فوجی نوادرات | اوقاف |
| .8 | دلاور فگار نے شاعری کا آغاز کیا۔ | شگفتہ نظم | غزل | نظم | آزاد نظم |
| .9 | پطرس کو شوخی سوجھی تو اس نے اشارہ کیا۔ | ڈاکٹر تاثیر کو | حسن نظامی کو | فیض کو | غلام عباس کو |
| .10 | احسان دانش کا انتقال ہوا۔ | 1980ء | 1982ء | 1985ء | 1988ء |
| .11 | کون سا مغل بادشاہ دین کا خادم بنا۔ | اکبر | جہانگیر | بہادر شاہ ظفر | اورنگ زیب |
| .12 | علی گڑھ کا پرانا نام ہے۔ | فیروزپور | کول | الہ آباد | فیض آباد |
| .13 | نام دیو ذات کا تھا۔ | شودر | کھشتری | ڈھیڑ | برہمن |
| .14 | نظم "حمد" کس شاعر کی تخلیق ہے۔ | احسان دانش | جمیل الدین عالی | حفیظ جالندھری | جوش ملیح آبادی |
| .15 | "جیوے جیوے پاکستان" کا تخلیق کار ہے۔ | جمیل الدین عالی | جوش ملیح آبادی | حفیظ جالندھری | احسان دانش |

107-223-1A-44000 ★★★

www.pakcity.org

Roll No. [ ]

(امیدوار خود پُر کرے)

S.S.C (10th) 1st Annual 2023

اُردو (لازمی) وقت: 2:10 گھنٹے

پرچہ: II گروپ: پہلا انشائی SGL-1-23 نمبر: 60

حصہ دوم

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل)۔ 6=2x3

(حصہ نظم)

i. بشر کو فطرت اسلام پہ پیدا کیا جس نے
محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

ii. آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

iii. فاطمہ! تُو آبروئے اُمتِ مرحوم ہے
ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے

iv. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے غار ہیں
دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

(حصہ غزل) 4=2x2

i. سلسلہ، فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

ii. یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق
مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

iii. یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

حصہ سوئم

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: $2+2+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=5$ 10=5x2

(الف) نواب صاحب کا محل میرے گھر سے کوئی دو آنے ڈولی ہو گا۔ قاضی واڑے سے نکلے اور خانم کا بازار آیا۔ پہلے تو مجھے کچھ خیال نہ ہوا۔ جب بہت دیر ہوئی اور ہنو بچو کی آواز نہ آئی، بازار کے چراغ بھی جھلکتے ہوئے دکھائی نہ دیے، تو پردے کی جھری کھولی۔ اب جو دیکھتی ہوں، تو جنگل سائیں سائیں کر رہا ہے اور پینس کو جیسے پہیے لگے ہوئے ہیں، اُڑی چلی جا رہی ہے۔ کلیجہ دھک سے ہو گیا۔ بدن میں سنسنیاں آنے لگیں۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے کہ یہ کیا غضب ہوا۔ یہ موئے کہار کہاں لیے جاتے ہیں؟

(ب) جب نمازِ جمعہ ختم ہوئی تو اعلان کیا گیا کہ "مندوبین کے لیے راستہ دے دیں"۔ ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آ گئے۔ یہ تنظیم کی بات ہے۔ تُرک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

4- کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات دیجیے: 10=5x2

i- پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii- مرزا محمد سعید کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

iii- سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے اور اس کتاب کے مصنف کون ہیں؟

iv- نام دیو مالی نے مصنف سے انعام لینے سے انکار کیوں کیا؟

v- چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لُباب کیا تھا؟

vi- جگر مراد آبادی کی غزل کے مطابق ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

vii- نظم "کسان" کے مطابق "جلوہ قدرت کا شاہد" سے کون مراد ہے؟

viii- شاعری میں میر انیس کی وجہِ شہرت کیا ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(i) مرزا محمد سعید (ii) استنبول

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) یوم آزادی (ii) چاندنی رات (iii) تمباکو نوشی کے نقصانات

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10=2x5

پنجاب کی حدود اُن دنوں غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے ہوئے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتہً ملتان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے، کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سینکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

i- کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟

ii- جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iii- "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

iv- وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

v- جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

107-223-1A-44000

www.pakcity.org

Roll No. (اُمیدوار خُود پُر کرے)

# S.S.C (10th) 1st Annual 2023

اُردو (لازمی) — وقت : 20 منٹ

پرچہ: II — گروپ : دوسرا — معروضی-(ii) — نمبر : 15

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

SWL-2-23

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## سوال نمبر۔1 — حصہ اوّل

| نمبر | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں کتنے قلمی نسخے ہیں؟ | ایک لاکھ | تیس ہزار | پچاس ہزار | ڈیڑھ لاکھ |
| .2 | "پون ٹوٹی" (چُنگی) کس چیز پر معاف تھی؟ | اناج اور اُپلے | غلہ اور ترکاری | ترکاری اور پھل | پھل اور اُپلے |
| .3 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔ | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کھانے پینے پر | کتابوں پر |
| .4 | کانگریس کب قائم ہوئی؟ | 1886ء | 1895ء | 1906ء | 1885ء |
| .5 | کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہو گئی ہے؟ | راہِ محبت | رہِ دیارِ غیر | دیارِ وفا | راہِ وفا |
| .6 | مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے؟ | روٹی کی محتاجی | غریب الوطنی | بھیک مانگنا | دوست نہ ہونا |
| .7 | نام دیو بڑی تندہی سے اپنے کام میں مصروف اور مگن رہتا تھا اس کی وجہ تھی۔ | تنخواہ کا لالچ | بے عزتی کا خوف | اپنے کام سے محبت | افسران کی خوشی |
| .8 | نظم "اونٹ کی شادی" کے شاعر کا نام ہے۔ | دلاور فگار | سید ضمیر جعفری | محمود سرحدی | سید محمد جعفری |
| .9 | کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں۔ | خاک کی نبض پر | ہل کی ہتھی پر | بانسری پر | حُقے کی نے پر |
| .10 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟ | لکڑی کا | کھیتی باڑی کا | معماری کا | لوہے کا |
| .11 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے | اِخلاق | اُخلاق | اَخلاق | اِخلُاق |
| .12 | "گیارہ کتابیں" گرامر کی رو سے ہے | مرکب اضافی | مرکب جاری | مرکب عددی | مرکب توصیفی |
| .13 | "قینچی" گرامر کی رو سے ہے | اسم صوت | اسم مصغّر | اسم مکبّر | اسم آلہ |
| .14 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے | مُجِبّث | مَحَبّث | مِحبّث | مَحَبّث |
| .15 | "نیک لڑکی" گرامر کی رو سے ہے | اسم جامد | اسم صفت | اسم آلہ | اسم صوت |

108-223-1A-41000 ★★

www.pakcity.org

(اُمیدوار خود پُر کرے) Roll No. |  |  |  |  |  |  |

اُردو (لازمی) **S.S.C (10th) 1st Annual 2023** وقت : 2:10 گھنٹے

پرچہ : II گروپ : دوسرا انشائی SWL-2-23 نمبر : 60

---

حصہ دوم

2۔ درج ذیل اجزاء میں سے نظم کے تین اشعار اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 6=2x3

(حصہ نظم)

i. زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

ii. جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

iii. میاں شتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے — مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

iv. دھوپ کے جھلسے ہوئے رخ پر مشقت کے نشاں — کھیت سے پھیرے ہوئے منہ، گھر کی جانب ہے رواں

(حصہ غزل) 4=2x2

i. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اِس سادگی سے مِلتا ہے

ii. آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سِوا — آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

iii. نازُک تھے کہیں رنگِ گل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: $\left(2+2+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=5\right)$ 10=5x2

(i) صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالت مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے۔

(ii) چاہے مجھ پر نفرین کی جائے، مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ آج تک میرے سامنے کوئی یہ ثابت نہ کر سکا کہ احباب کا ایک جم غفیر رکھنے اور شناسائی کے دائرے کو وسیع کرنے سے کیا فائدہ ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10=5x2

i۔ شدھی اور سنگھٹن تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟

ii۔ "سبق ملمع" میں لڑکی نے پڑوس میں جھانک کر دیکھا تو اُسے کیا نظر آیا؟

iii۔ پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

iv۔ نام دیو نے انعام لینے سے انکار کیوں کیا؟

v۔ استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟

vi۔ گرداب پر کس شے کا گمان ہوتا تھا؟

vii۔ نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" کے حوالے سے تربتِ خاموش میں کیا پوشیدہ ہے؟

viii۔ پھولوں کا رنگ محبوب کی ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) استنبول

6۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) یوم آزادی (ii) مرزا اسد اللہ غالبؔ (iii) محسن انسانیت ﷺ

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10=2x5

پنجاب کی حد ان دنوں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے ہوئے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سینکڑوں اکڑ کر مر گئے۔ ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

i۔ پنجاب کی حدود کس زمانے میں غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟

ii۔ جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iii۔ "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

iv۔ وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

v۔ جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

108-223-1A-41000

Roll No. [ ]

وقت : 20 منٹ

S.S.C (10th)-A-2022

نمبر : 15

معروضی-(iv)

گروپ : پہلا

S ul-G1-22 | Paper Code | 7 | 0 | 2 | 7 |

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال نمبر۔1

| جز۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | وہ مرکب جو دو اسموں کو آپس میں ملانے کا کام دیتا ہے اسے کہتے ہیں۔ | مرکب عطفی | مرکب جاری | مرکب تام | مرکب عددی |
| .2 | "اخلاق" کا درست تلفظ ہے۔ | اُخْلَاق | اِخْلَاق | اِخْلَاق | اَخْلَاق |
| .3 | "مشاعرہ" کا درست تلفظ ہے۔ | مُشِاعَرَہ | مُشَاعَرَہ | مَشَاعِرَہ | مِشَاعُرَہ |
| .4 | "بہت کچھ اور لکھنا چاہتا تھا لیکن تھک گیا" صدیقی صاحب نے یہ جملہ کس کے نام لکھا؟ | ظہیر احمد صدیقی | سید بشیر الدین | ڈاکٹر محمد حسن | مولانا ضیا احمد |
| .5 | شاعر نے تہذیب کا پروردگار کسے کہا ہے؟ | عالم | مزدور | کسان | معلّم |
| .6 | کس شاعر کی کاوشوں سے پاکستان رائٹرز گلڈ کا قیام عمل میں آیا؟ | علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ | محمود سرحدی | دلاور فگار | جمیل الدین عالی |
| .7 | انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟ | ابتدا کرنا | جہدِ مسلسل | ایثار | چاہت اور محنت |
| .8 | دو یا دو سے زیادہ بامعنی لفظوں کے مجموعے کو کیا کہتے ہیں؟ | موضوع | مرکب | مرکب عددی | مہمل |
| .9 | جملہ فعلیہ کے کتنے اجزا ہوتے ہیں؟ | تین | پانچ | چار | دو |
| .10 | مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی؟ | بی۔اے | ایم۔اے (تاریخ) | ایم۔اے (اُردو ادب) | ایم۔اے (انگریزی ادب) |
| .11 | شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔ | سلیم پور | دِلّی | جے پور | شاہ پور |
| .12 | مصیبت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟ | دو | سات | چار | چھ |
| .13 | لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟ | اٹھنی | ایک روپیہ | دس روپے | پانچ روپے |
| .14 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟ | لکڑی کا | معماری کا | لوہے کا | کھیتی باڑی کا |
| .15 | حکومت کی اوّلین ترجیح کس چیز کا خاتمہ کرنا ہے؟ | ملیریا | دہشت گردی | بیماری | فضائی آلودگی |

www.pakcity.org

Roll No. ☐☐☐☐☐☐ (اُمیدوار خود پُر کرے)

**S.S.C (10th)-A-2022**

اُردو (لازمی) وقت : 2:10 گھنٹے

پرچہ : II گروپ : پہلا انشائی SSC-G1-22 نمبر : 60

## حصّہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصّہ غزل)۔ 6=2x3

### (حصّہ نظم)

i. نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے / بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

ii. آب خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر / گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

iii. جلوۂ قدرت کا شاہد ، حُسنِ فطرت کا گواہ / ماہ کا دل، مہر عالم تاب کا نورِ نگاہ

iv. میرے بیٹے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی / کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

### (حصّہ غزل) 4=2x2

i. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا / رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

ii. سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنّا بھی نہیں / لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii. نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بوئے سمن سے / جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

## حصّہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: $\left(2+2+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=5\right)$ 10=5x2

(الف) سلیمانیہ سے مُلحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب مَیں اپنے رفیقوں کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایا صوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ ہم سب نے یہاں اچھا خاصا وقت صرف کیا۔

(ب) علی گڑھ کا آپ کا مطالعہ قابلِ غور ہے۔ آپ کے دل میں علی گڑھ کی وہی قدر و قیمت ہے جو ہندوستان کے باہر کے اہلِ علم و فن کی ہو سکتی ہے اور ہے لیکن کیا کیجیے کہ ایسے لوگوں کی بھی کمی نہیں ہے جو اچھی اور بڑی چیز کا احترام کرنے کی اِستعداد سے محروم ہو چکے ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جن کو صرف علی گڑھ کے طفیل، وہ اختیار و اقتدار اور دولت نصیب ہوئی، جس کا وہ علی گڑھ سے دور رہ کر خواب بھی نہیں دیکھ سکتے تھے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10=5x2

i- قلعے کی اچھی اچھی مُغلانیاں کن کے سامنے کان پکڑتی تھیں اور کیوں؟

ii- یہ صحیح ہے کہ میں کام کرتا ہوں اور وہ مُفت خوری سے دن گزارتا ہے۔ مصنّف کی مراد کس سے ہے اور یہ شکایت کیوں ہے؟

iii- قلی اپنے ناریل جیسے سر پر پگڑی لپیٹتا چلا گیا اور لڑکی بجائے بیٹھنے کے کیا کرنے لگی؟

iv- کسان کو اپنی بیوی کے بارے میں کیا پکا یقین ہو گیا تھا؟

v- نبض خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

vi- سینکڑوں گھوڑوں کا کہاں انتقال ہو چکا ہے اور کس وجہ سے؟

vii- روح کو محبت کا مزہ دل کی کس کیفیت سے ملتا ہے؟

viii- "بہادر بچے" نظم میں کون سا موسم آنے والا ہے جس کے آثار دِکھتے ہیں؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) مُلمّع (ب) علی بخش

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) میرا اسکول (ب) گداگری ایک لعنت (ج) مسلمانوں کے تہوار

7۔ درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10=2x5

یہ سچ ہے کہ قوم میں قحطِ انساں / نہیں قوم کے ہیں سب افراد یکساں

سفال و خزف کے ہیں انبار گریاں / جواہر کے ٹکڑے بھی ہیں ان میں پنہاں

چھپے سنگ ریزوں میں گوہر بھی ہیں کچھ / ملے ریت میں ریزۂ زر بھی ہیں کچھ

i- ان اشعار کا مرکزی خیال کیا ہے؟

ii- قوم میں "قحطِ انساں" ہونے کا کیا مطلب ہے؟

iii- سفال و خزف کے کیا معنی ہیں؟

iv- "چھپے سنگ ریزوں میں گوہر بھی ہیں کچھ" اس مصرعے کا کیا مفہوم ہے؟

v- ان اشعار میں قافیوں کی نشان دہی کیجیے۔

www.pakcity.org

Roll No. | | | | | | | (طالب علم کے دستخط)

وقت : 20 منٹ — S.S.C (10th)-A-2022 — (نام)

نمبر : 15 — معروضی-(iv) — گروپ : دوسرا — II

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال نمبر۔1 — SWL-G2-22

| نمبر | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | کون سی چیز راحت فزا ہو گئی ہے؟ | رنج | مصیبت | ناکامی | حسرت |
| .2 | اسم عَلَم کی اقسام ہیں۔ | تین | پانچ | سات | نو |
| .3 | وہ اسم مشتق جو کسی کام یا کسی خدمت کی اُجرت اور بدلے کے معانی دے، کہلاتا ہے۔ | اسم صفت | اسم صفت اصلی | اسم صفت نسبتی | اسم معاوضہ |
| .4 | "لکھنا" مصدر سے ماضی مطلق کی گردان میں "اُس نے لکھا" فاعل کی کونسی حالت ہے؟ | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر |
| .5 | تَلَفُّظ کے حوالے سے درست لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | جُلُوس | جَلُوس | جَلَوس | جُلَوس |
| .6 | درست تَلَفُّظ کا انتخاب کیجئے۔ | اِتِّحَاد | اِتْحَاد | اِتَّحَاد | اَتّحَاد |
| .7 | سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟ | نذیر احمد دہلوی | شاہد احمد دہلوی | اشرف صبوحی | مولوی عبدالحق |
| .8 | ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی۔ | ۱۸۸۵ء | ۱۸۸۶ء | ۱۸۹۵ء | ۱۹۰۶ء |
| .9 | یہ مصرع کس شاعر کا ہے "ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے" | علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ | حفیظ جالندھری | عبدالمجید سالک | حالیؔ |
| .10 | آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟ | تین | پانچ | سات | نو |
| .11 | لڑکی نے ریل کا سفر کس درجے میں کیا؟ | انٹر | اوّل | دوم | اے۔ سی |
| .12 | لوک داستانیں کسی معاشرے، تہذیب اور زبان کا سرمایہ ہوتی ہیں۔ | قدیم | جدید | ارزاں | قیمتی |
| .13 | نام دیو، مقبرہ رابعہ دورانی اورنگ آباد (دکن) کے باغ میں ______ تھا۔ | پہرہ دار | داروغہ | رکھوالا | مالی |
| .14 | نظم "میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت" صنفِ سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟ | مرثیہ | قصیدہ | شہر آشوب | آزاد نظم |
| .15 | نظم "کسان" جوشؔ کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟ | حرف و حکایت | شعلہ و شبنم | جذبات فطرت | سُنبل و سلاسل |

www.pakcity.org

Roll No. ☐☐☐☐☐☐

وقت : 2:10 گھنٹے

**S.S.C (10th)-A-2022**

نمبر : 60　　SSC-G2-22　　انشائی　　گروپ : دوسرا

## حصہ دوم

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل)۔　　6=2x3

### (حصہ نظم)

i. وہی ہے کائنات اور اُس کی مخلوقات کا خالق
نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

ii. شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے
آہو نہ منھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

iii. دھوپ کے جھلسے ہوئے رخ پر مشقت کے نشاں
کھیت سے پھیرے ہوئے منھ، گھر کی جانب ہے رواں

iv. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں
دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

### (حصہ غزل)　　4=2x2

i. میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

ii. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے
وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

iii. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے
یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

## حصہ سوئم

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: $\left(2+2+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=5\right)$　　10=5x2

(الف) شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے؟ یوں تو کوئی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے۔ سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو۔ جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول میدان نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ دارالبقا فنا ہو جائے گی۔ رہے نام اللہ کا۔ خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑ تک ڈھے گا۔ دونوں طرف سے پھاوڑا چل رہا ہے۔ باقی خیر و عافیت ہے۔

(ب) اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لیے اس نے ان کے مسوّدے میں سے دو ایک فقرے نکال دیے تھے۔ ان فقروں کا نکلنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ بھاگا مرزا صاحب کی خدمت میں، معافی مانگی، ہاتھ جوڑے، مرزا صاحب نہ مانے، بولا: "تو حضرت! میری نوکری گئی۔ بال بچے بھوکے مریں گے اور آپ کو دعائیں دیں گے۔" مرزا صاحب کے کان کھڑے ہوئے۔

4- درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے:　　10

i- میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟
ii- مصنف اپنے کس دوست کو بھڑ یا کہتا ہے اور جب وہ آتا ہے تو کیا کرتا ہے؟
iii- چچا کے ہاں لڑکی کا استقبال گرم جوشی سے کیوں کیا گیا؟
iv- کبھی کسی پودے میں کیڑا لگ جاتا تو علی بخش کیا کرتا تھا؟
v- آنکھ کی شبنم افشانی کس کو کہتے ہیں؟
vi- کسان کے گھر لوٹتے وقت اس کے چہرے پر کیا نشاں ہوتے ہیں؟
vii- قافیہ اور ردیف سے کیا مراد ہے؟
viii- جگر مراد آبادی کے مطابق روح اور دل کا کیا رشتہ ہے؟

5- درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔　　5

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ　　(ب) نام دیو مالی

6- درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔　　15

(الف) یوم آزادی　　(ب) پانی کی اہمیت　　(ج) والدین کی اطاعت

7- درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔　　10=2x5

مادرِ ملت فاطمہ جناح رحمۃ اللہ علیہا مرحومہ، پاکستان کی بانی نہیں تو قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی دستِ راست اور جاں نثار بہن ہونے کے ساتھ ساتھ جنگِ آزادی کے ہراول دستے میں خواتین کی رہ نما بہر حال تھیں۔ بلند کردار، جفاکش بہن گھر کی چار دیواری میں عظیم بھائی کی محافظ و نگہبان، ذہنی سکون اور کارِ سیاست و قیادت میں معاون، میدانِ عمل میں مسلم خواتین کے لیے نشانِ عزم و استقلال، جہادِ حریت کے ہر مرحلے میں انہیں بھائی کا آئینہ دیکھا گیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد محترمہ فاطمہ جناح رحمۃ اللہ علیہا نے ایک مثالی ماں کی طرح ملک و ملت کے لیے محنت کی۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد، مرد و زن، چھوٹے بڑے ان سے آرزوئیں وابستہ کر چکے تھے اور وہ بھی ہر تقریب اور ہر مناسب موقع پر قوم سے بات کرتی تھیں۔ بھائی کے جذبے سے سرشار اور ملک و ملت کی محبت سے لبریز، گرج دار آواز میں حکومت اور عوام کا احتساب کرتی تھیں۔ وہ دنیا بھر کی عورتوں میں صفِ اوّل کی رہ نما خاتون تسلیم کی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحمتوں کے پھول برساتا رہے۔ آمین!

i- اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔
ii- دستِ راست سے کیا مراد ہے؟
iii- محترمہ فاطمہ جناح رحمۃ اللہ علیہا کو مادرِ ملت کیوں کہا جاتا ہے؟
iv- مادرِ ملت کا مرتبہ کیا ہے؟
v- احتساب سے کیا مراد ہے؟

www.pakcity.org

Roll No.______________ Annual 2020

اردو (لازمی) IV - (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ : II

پہلا گروپ SWL-10-G1-20 معروضی نمبر : 15

وقت : 20 منٹ Code : 7027

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1۔ نظم " نعت " کے مطابق اب انسان کو عرفان حاصل ہوگا۔

(A) خدا تعالیٰ کا (B) انسان کا (C) کائنات کا (D) رسول ﷺ کا

2۔ احسان دانش کو کس کی صحبت ملی تو شعر کہنے لگے؟

(A) حالیؔ (B) اقبالؒ (C) قاضی محمد ذکی (D) مولانا شبلی

3۔ جگر کی غزل میں پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟

(A) نزاکت سے (B) خوبصورتی سے (C) خوش پوشی سے (D) ہنسی سے

4۔ " فقرا " کا درست تلفظ ہے۔

(A) فَقَرا (B) فُقَرا (C) فُقُرا (D) فَقِرا

5۔ " مرکز " کا درست تلفظ ہے۔

(A) مَرَکَزْ (B) مَرْکِزْ (C) مَرْکُزْ (D) مُرْکَزْ

6۔ " رنگوائی " گرامر کی رو سے ہے۔

(A) اسم صفت (B) اسم معرف (C) اسم معاوضہ (D) اسم فاعل

7۔ " پیالی " گرامر کی رو سے ہے۔

(A) اسم حالیہ (B) اسم مصدر (C) اسم صفت (D) اسم مصغر

8۔ وہ اسم نکرہ جو وقت کو ظاہر کرے۔

(A) اسم ظرف مکاں (B) اسم ظرف زماں (C) اسم حالیہ (D) اسم جامد

9۔ اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کیلئے سختیاں جھیلیں۔

(A) سید احمد بریلویؒ نے (B) شاہ ولی اللہؒ نے (C) حضرت مجددالف ثانیؒ نے (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے

10۔ مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔

(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

11۔ پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔

(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

12۔ شاکر صاحب مصنف سجاد حیدر یلدرم کو لے گئے۔

(A) دِلّی (B) سلیم پور (C) جے پور (D) دکن

13۔ ملمع کے مصنف کا نام ہے۔

(A) ہاجرہ مسرور (B) خدیجہ مستور (C) اشرف صبوحی (D) پریم چند

14۔ قدرت اللہ شہاب پیدا ہوئے۔

(A) پشاور میں (B) مردان میں (C) لاہور میں (D) گلگت میں

15۔ استنبول کے عجائب خانوں میں ________ کی حیثیت شہرۂ آفاق ہے۔

(A) مسجد سلیمانیہ (B) مسجد سلطان احمد (C) ایا صوفیہ (D) توپ کاپی

101 - 220 - 39000 ☆☆☆☆

www.pakcity.org

Roll No.______________ Annual 2020

اردو (لازمی) — (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) — پرچہ : II

پہلا گروپ — نمبر : 60

وقت : 2:10 گھنٹے — انشائی — SWL-10-G1-20

## حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): (3 x 2 = 06)

**(حصہ نظم)**

(i) بجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت — وہ پیغمبر ذی وقار آگیا ہے

(ii) یہ کلی بھی اِس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!

(iii) مہکی مہکی، روشن روشن، پیاری پیاری نیاری — رنگ برنگے پھولوں سے اِک بجی ہوئی پھلواری

(iv) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں — ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

**(حصہ غزل)** (2 x 2 = 04)

(i) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(ii) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(iii) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں — دوچار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

## (حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 5 + 5 = 10

(الف) صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دِل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالتِ مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اِس سے پہلے کہیں نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور اُن کے سیکڑوں دوستوں اور قدردانوں کو اِس سانحۂ اِرتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی ، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اِس دُنیا سے رخصت ہوگیا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) حضرت ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں کون سی تین چیزیں نمایاں تھیں؟

(ii) اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(iii) پاکستانی بچوں کو کس چیز سے پیار ہے؟

(iv) شعری اصطلاح میں مطلع کی تعریف کیجیے۔

(v) بغلِ خاک پہ انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

(vi) فاطمہ کو "راکھ میں دبی ہوئی چنگاری" کیوں کہا گیا ہے؟

(vii) ڈاکٹر محمد حسن کا شکریہ کس بات پر ادا کیا گیا ہے؟

(viii) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لئے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) استنبول

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) شہری اور دیہاتی زندگی (ب) برسات کا موسم (ج) قومی اتحاد

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 5 x 2 = 10

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اِس کیلئے اس طرح کی اِحتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کیلئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو بُرائی سے بچالیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اِسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادت و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اِسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ، پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا سبب بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

**سوالات:**

i۔ کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

ii۔ بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

iii۔ خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

iv۔ طالب علم کے لئے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

v۔ اِس عبارت کا عنوان لکھیے۔



www.pakcity.org

Roll No.________________ Annual 2020

اردو (لازمی) — III - (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) — پرچہ : II

دوسرا گروپ — معروضی — نمبر : 15

SWL-10-G2-20

وقت : 20 منٹ — Code : 7026

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1.1۔ شاعر جوش ملیح آبادی نے تہذیب کا پروردگار کسے کہا ہے؟

(A) کسان (B) عالم (C) معلم (D) مزدور

2۔ " حساب " کا درست تلفظ ہے۔

(A) حَسَاب (B) حِسَابُ (C) حِسَاب (D) حُسَاب

3۔ " طالب " کا درست تلفظ ہے۔

(A) طَالِب (B) طَالَب (C) طِالَب (D) طاَلُب

4۔ وہ اسم صفت جس سے کسی ایک کو دوسرے سے بڑھایا جائے، کہلاتا ہے۔

(A) صفت بعض (B) صفت کل (C) صفت اصلی (D) صفت نفسی

5۔ گرامر کی رو سے خطاب ہے۔

(A) رستم زماں (B) قائد ملت (C) غالب (D) ابن مریم

6۔ " تم کھاؤ " قواعد کی رو سے ہے۔

(A) فعل معروف (B) فعل امر (C) فعل تام (D) فعل ناقص

7۔ لڑکی نے قلفی کو رقم دی۔

(A) اٹھنی (B) چونی (C) ایک روپیہ (D) دو روپے

8۔ شاہد احمد دہلوی کا سبق نصاب میں شامل ہے۔

(A) ملمع (B) چغل خور (C) مرزا محمد سعید (D) علی بخش

9۔ علی گڑھ کا پرانا نام تھا۔

(A) کاکول (B) سندول (C) شہزور (D) کول

10۔ پرستان میں پھل دار پودے کتنے بڑے تھے؟

(A) گز بھر (B) ایک ایک فٹ (C) بالشت بھر (D) چھ فٹ

11۔ شاعر ناصر بشیر کے مطابق کشتی کہاں ٹھہر گئی ہے؟

(A) دریا میں (B) منجدھار میں (C) ساحل پر (D) لہروں پر

12۔ فراق گورکھپوری کے مطابق " سر میں سودا بھی نہیں دل میں ۔۔۔۔۔۔ "

(A) تمنا بھی نہیں (B) اُمنگ بھی نہیں (C) چاہت بھی نہیں (D) دردِ دل بھی نہیں

13۔ اُردو کے معروف محقق حافظ محمود شیرانی کے بقول " وہ اقلیم مرثیہ گوئی کے شہنشاہ تھے۔"

(A) الطاف حسین حالی (B) میر انیس (C) غالب (D) علامہ اقبالؒ

14۔ گدلا پانی پودوں کے لئے تھا۔

(A) بے سود (B) ضرر رساں (C) آب حیات (D) مفید

15۔ ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟

(A) کتاب خانہ (B) عجائب گھر (C) قومی عجائب خانہ (D) قبرستان

102 - 220 - 36000 ☆☆☆

www.pakcity.org

Roll No.______________ Annual 2020

اردو (لازمی) — سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم — پرچہ : II

دوسرا گروپ — نمبر : 60

وقت : 2:10 گھنٹے — انشائی — SWL-10-G2-20

## حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): (3 x 2 = 06)

### (حصہ نظم)

(i) نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) یہ سعادت حُورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iv) جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار — جس کے کَس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہریار

### (حصہ غزل) (2 x 2 = 04)

(i) مُصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزُو رہنما ہو گئی ہے

(ii) ہم اُسے منھ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ — دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(iii) تھے کتنے ستارے کہ سرِشام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## (حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 5 + 5 = 10

(الف) یہ ضرور ہے کہ جن مُرغانِ خوش نوا کی تعریف میں شعرا اِس قدر رَطبُ اللِّسان ہیں، اُن کی عنایت سے میں خوش نہیں ہوا کہ سب کے سب میرے کمرے کے نیچے درخت پر جمع ہوگئے اور شور مچانا شروع کر دیا۔ تاہم میں نے کوشش کر کے اُن کی طرف سے کان بند کر لیے اور کام میں ہمہ تن مشغول ہو گیا۔

(ب) سلیمانیہ سے مُلحق ایک بڑا کُتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے رفیقوں کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایا صوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرّت کی کوئی انتہا نہ رہی۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟

(ii) مصنف کو اپنے بے تکلف دوست بھڑ بھڑیا سے کیا شکایت ہے؟

(iii) مرزا محمد سعید کا حلیہ بیان کیجیے۔

(iv) حکیم محمد سعید کے دورۂ ترکی کے وقت ترکی کے وزیر اعظم کون تھے؟

(v) علی بخش سے مصنف کی ملاقات کیسے ہوئی؟

(vi) میر انیس نے پہلے بند میں زبان کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

(vii) ادا جعفری کا اصل نام کیا ہے اور وہ کہاں پیدا ہوئیں؟

(viii) اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) چُغل خور

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) قائداعظمؒ (ب) تحریکِ پاکستان (ج) فٹ بال میچ

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 5 x 2 = 10

پنجاب کی حد اِن دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ اِدھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ اچانک آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے اِنھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے اِن کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات:**

i۔ کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟

ii۔ جے پال کہاں کا راجہ تھا؟

iii۔ سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iv۔ کون لوگ برف میں رہنے کے عادی تھے؟

v۔ راجہ جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

www.pakcity.org

Roll No. Swl Annual 2019

اردو (لازمی) نیو کورس IV - (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ: II

پہلا گروپ **معروضی** وقت: 20 منٹ

نمبر: 15 Code: 7027

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1۔ نظم "اونٹ کی شادی" کے پہلے مصرعے میں آج کے پرچے سے مراد ہے:
(A) آج کا اخبار (B) رسالہ (C) امتحانی پرچہ (D) پولیس کا پرچہ (F.I.R)

2۔ سبق " مرزا محمد سعید " کس ادیب کی تحریر ہے؟
(A) نذیر احمد دہلوی (B) شاہد احمد دہلوی (C) اشرف صبوحی (D) مولوی عبدالحق

3۔ اکبر کے آخری دور میں اسلام کی سربلندی کیلئے کونسی ہستی کھڑی ہوئی؟
(A) حضرت علی ہجویریؒ (B) شاہ شمس تبریزؒ (C) میاں میرؒ (D) حضرت مجدد الف ثانیؒ

4۔ سجاد حیدر یلدرم کا عرصۂ حیات تھا۔
(A) ۱۸۸۰ تا ۱۹۳۰ء (B) ۱۸۸۰ تا ۱۹۴۷ء (C) ۱۹۰۰ تا ۱۹۴۳ء (D) ۱۸۸۰ تا ۱۹۴۳ء

5۔ حسن نظامی نے دلی کے جو نوحے لکھے ان میں کونسی چیز نمایاں ہے؟
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساس شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف و مسرت

6۔ سبق" ملمع کے ماخذ کا نام کیا ہے؟
(A) وہ لوگ (B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

7۔ چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہوجاتا ہے؟
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

8۔ اسم جامد ہیں۔
(A) اینٹ، پہاڑ، مسکراہٹ (B) اینٹ، پہاڑ، بچھونا (C) اینٹ، پہاڑ، درخت (D) اینٹ، پہاڑ، نمکدان

9۔ " دفتر" گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) ظرف مکان (B) ظرف زمان (C) ظرف ایران (D) عالی ظرف

10۔ پاکستان نے بچھڑے اور بکھرے ہوؤں کو
(A) متحد کیا (B) ایک مرکز پر لا کھڑا کیا (C) شادکام کیا (D) گھر دیا

11۔ روح کو محبت کا مزہ کب ملتا ہے؟
(A) دل کی ہمسائیگی میں (B) ہجر و فراق میں (C) وصال میں (D) تنہائی اور یکسوئی میں

12۔ قلم کو اہلِ علم کی محفل میں شرکت کیلئے کہاں جانا پڑا تھا؟
(A) لاہور (B) اسلام آباد (C) اندرون سندھ (D) بیرون ملک

13۔ درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔
(A) تِلاَوَت (B) تَلاوِت (C) تِلاوُت (D) تِلاوَت

14۔ درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔
(A) اِظہَار (B) اِظہار (C) اَظہار (D) اُظہار

15۔ صفت اصلی کے درجے ہیں۔
(A) تین (B) دو (C) ایک (D) چار

www.pakcity.org

www.pakcity.org

www.pakcity.org

Roll No. ______________ Annual 2019

اردو (لازمی) نیو کورس (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ : II

دوسرا گروپ نمبر : 60

وقت : 2.10 گھنٹے

## انشائی

### حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 2 X 5 = 10

### (حصہ نظم)

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اس کی قدرت کے
بچھائے ہیں اسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

(ii) دو عالم کا امدادگار آ گیا ہے
امین آ گیا ، غم گسار آ گیا ہے

(iii) آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(iv) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار
ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

### (حصہ غزل)

(i) مُصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے
تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(ii) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا
رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(iii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

### (حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 5 + 5 = 10

(الف) سلیمانیہ سے مُلحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اورنہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے رفیقوں کو باسفورس ،گولڈن ہارن اور ایا صوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔

(ب) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کیلئے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے۔

4 ۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجئے: 10

(i) مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریسی فرائض انجام دیے؟

(v) مولوی عبدالحق کے مطابق درجۂ کمال تک کیسے پہنچا جا سکتا ہے؟

(ii) علامہ اقبالؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک الگ وطن کا مطالبہ کب اور

(vi) علامہ اقبالؒ کی نظم " فاطمہ بنتِ عبداللہ" میں "تازہ انجم کے ظہور" کا

www.pakcity.org

Roll No. ________________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیو کورس (II) (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ : II

پہلا گروپ معروضی SWL-G1-10-18 وقت : 20 منٹ

نمبر : 15 Code : 7023

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1۔ " شام " گرامر کی رُو سے ہے۔

(A) ظرفِ مکاں (B) ظرفِ زماں (C) اسم واحد (D) اسم صفت

2۔ " ابو ہریرہ " گرامر کی رُو سے ہے۔

(A) مصدر (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

3۔ " آری " گرامر کی رُو سے ہے۔

(A) اسمِ معرفہ (B) اسمِ فاعل (C) اسمِ آلہ (D) اسمِ صفت

4۔ درست تلفظ ہے۔

(A) حَاجَت (B) حِاجَت (C) حَاجُت (D) حَاجُت

5۔ درست تلفظ ہے۔

(A) مِشاعِرہ (B) مُشاعَرہ (C) مُشاعُرہ (D) مُشاعِرۃ

6۔ " فراق گورکھپوری " کی غزل میں شاعر کو محبوب کی یاد سے نہیں آئی؟

(A) ایک ماہ سے (B) ایک سال سے (C) اِک مدت سے (D) مدتِ عرصے سے

7۔ نظم " مال گودام روڈ " کس مجموعہ سے ماخوذ ہے؟

(A) اندیشہ شہر (B) مطلع عرض ہے (C) سنگینے (D) فی سبیل اللہ

8۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ رات کتنے بجے جا نماز پر جا بیٹھتے تھے؟

(A) ایک بجے (B) دو بجے (C) اڑھائی بجے (D) دو اڑھائی بجے

9۔ نظم " حمد " تخلیق ہے۔

(A) احسان دانش کی (B) جمیل الدین عالی کی (C) حفیظ جالندھری کی (D) جوش ملیح آبادی کی

10۔ سبق " استنبول " میں استنبول کا فاتح ہے۔

(A) حضرت ابو ایوبؓ انصاری (B) سلطان محمد فاتح (C) مراد ثانی (D) سلطان سلیمان

11۔ سبق " علی بخش " میں مصنف کام کے سلسلے میں گئے تھے۔

(A) لاہور (B) لائل پور (C) شیخوپورہ (D) سرگودھا

12۔ سبق "ملمع" کے مآخذ کا نام ہے۔

(A) وہ لوگ (B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

13۔ پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بُلایا تھا۔

(A) بیٹی کا جہیز ٹانکنے کو (B) انعام دینے کو (C) بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو (D) بیٹی کی شادی میں شرکت کرنے کیلئے

14۔ سبق " نظریہ پاکستان " کے مصنف کا نام ہے۔

(A) ڈاکٹر سیّد عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (C) سر سیّد احمد خاں (D) جمیل الدین عالی

15۔ مرزا محمد سعید کے بقول انسان کام کرتا ہے۔

(A) شہرت کیلئے (B) دولت کیلئے (C) عزت اور وقار کیلئے (D) شہرت اور دولت کیلئے

www.pakcity.org

Roll No. ______________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیو کورس — (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) — پرچہ : II

پہلا گروپ — SWL-G11-10-18 — نمبر : 60

وقت : 2.10 گھنٹے — انشائی

## حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 10

### (حصہ نظم)

(i) اُصولِ محبت ہے ، پیغام جس کا — وہ محبوبِ پروردگار آ گیا ہے

(ii) کوسوں کسی شجر میں نہ گُل تھے ، نہ برگ و بار — ایک ایک نخل جل رہا تھا صورتِ چنار

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) میاں شُتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے — مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

### (حصہ غزل)

(i) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

(ii) سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنّا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(iii) رُوح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائیگی سے مِلتا ہے

## (حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے: 5 + 5 = 10

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) اور اس کے بعد وہ سب ایک دوسرے پر پل پڑے ۔ وہ سر پھٹول ہوئی، وہ لاٹھیاں چلیں کہ سب خون میں نہا گئے ۔ آخر اردگرد کے کھیتوں میں کام کرنے والے دوسرے لوگ بھاگ کر آئے اور انھوں نے بیچ بچاؤ کرا کے انھیں ایک دوسرے سے الگ کیا۔ پھر جب ان سب کا غصہ قدرے کم ہوا تو ان سے لوگوں نے پوچھا: " تم لوگ اس طرح کیوں لڑ رہے تھے؟ "

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجئے: 10

(i) علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کیلئے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

(ii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(iii) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بد گمان کیا؟

(iv) مرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط، بیرنگ کیوں بھیجا؟

(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟

(vi) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کس فطرت پر پیدا فرمایا؟

(vii) نظم " اونٹ کی شادی " میں سر کا درد بڑھنے سے کیا مراد لی گئی ہے؟

(viii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ — (ب) نام دیو مالی

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 15

(الف) ورزش — (ب) شہری اور دیہاتی زندگی — (ج) حُبِّ وطن

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات بمطابق مواد زیر بحث پیراگراف دیجئے۔ 5 x 2 = 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اسکی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

### سوالات

i۔ زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کونسے ہیں؟

ii۔ عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii۔ آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے اُن کے نام لکھئے۔

iv۔ ہماری قومی زبان کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

v۔ اس عبارت کا عنوان لکھئے۔

www.pakcity.org

Roll No. ____________________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیو کورس II - (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ: II

دوسرا گروپ SWL-G2-10-18 **معروضی** وقت : 20 منٹ

نمبر : 15 Code : 7024

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1۔ رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے ساتھ رحلت کا ذکر کیا ہے؟
(A) بیگم ڈاکٹر محمد حسن (B) مولانا ضیا احمد (C) برادر سید بشیر الدین (D) بیگم سید بشیر الدین

2۔ مرزا غالبؔ کو تفتہ کا خط آنا تھا۔
(A) کول سے (B) سکندر آباد سے (C) آگرہ سے (D) کلکتہ سے

3۔ ایا صوفیہ کے برابر ہے۔
(A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) قبرستان (D) فوجی عجائب خانہ (اوقاف)

4۔ حسن نظامی نے دلّی کے جو نوحے لکھے ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟
(A) عید کا ذکر (B) لطف و مسرت (C) احساسِ شادمانی (D) عظمتِ رفتہ

5۔ قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں سیّدانی بی کے سامنے
(A) کھڑی رہتی تھیں (B) کان پکڑتی تھیں (C) کام کرتی تھیں (D) دم نہ مارتی تھیں

6۔ اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کیلئے سختیاں جھیلیں
(A) شاہ ولی اللہؒ نے (B) سیّد احمد بریلویؒ نے (C) حضرت مجدد الف ثانیؒ نے (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے

7۔ کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہوگئی ہے؟
(A) دیارِ وفا (B) راہِ محبت (C) دیارِ غیر (D) راہِ وفا

8۔ ڈھولک گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم مصدر (B) اسم مکبر (C) اسم مصغر (D) اسم ظرف

9۔ مرزا محمد سعید کے بقول انسان کام کرتا ہے۔
(A) شہرت و دولت کیلئے (B) دولت کیلئے (C) عزت اور وقار کیلئے (D) شہرت کیلئے

10۔ عیسیٰ روح اللہ ہے۔
(A) لقب (B) تخلص (C) کنیت (D) خطاب

11۔ اُردو میں قید آزادی کہتے ہیں۔
(A) قید بامشقت (B) جرم کی سزا (C) آزادی کا خاتمہ (D) شادی خانہ آبادی

12۔ درست تلفظ ہے۔
(A) مُذَاہِب (B) مَذَاہِب (C) مِذَاہِب (D) مُذَاہُب

13۔ شاعر نے تہذیب کا پروردگار کہا ہے۔
(A) عالم کو (B) کسان کو (C) مزدور کو (D) معلم کو

14۔ درست تلفظ ہے۔
(A) مَنْزِل (B) مُنزِل (C) مَنزُل (D) مِنزَل

15۔ " بہک جانا " گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) مصدر لازم (B) مصدر مفرد (C) مصدر متعدی (D) مصدر مرکب



www.pakcity.org

Roll No. ______________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیوکورس (سیکنڈری پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ : II

دوسرا گروپ نمبر : 60

وقت : 2.10 گھنٹے انشائی SWL-G2-10-18

حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) دو عالم کا اِمدادگار آ گیا ہے ، امین آ گیا ، غم گُسار آ گیا ہے

(ii) گرمی کا روزِ جنگ کی ، کیوں کر کروں بیاں ، ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا ، ایک رہیں گے ، ایک رہے گا ، ایک ہے نام ہمارا

(iv) نیا یہ آج کے پرچے نے گُل کِھلایا ہے ، کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے

(حصہ غزل)

(i) مُصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے ، تری آرزو رہنُما ہو گئی ہے

(ii) بھول جاتا ہُوں مَیں ستم اُس کے ، وہ کچھ اس سادگی سے مِلتا ہے

(iii) جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے ، یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 5 + 5 = 10

(الف) سیّدانی بی کا ایک وقت میں بڑا دور دورہ تھا۔ قلعے کی اچھی اچھی مُغلانیاں اُن کے سامنے کان پکڑتی تھیں۔ محلات میں جہاں کوئی نیا جوڑا سِلا، کسی نئی وضع کی ٹِکائی کا ذکر ہو اور یہ بلائی گئیں۔ شہر کی بیگمات میں بھی ان کے ہنر کی دھاک تھی۔ سب انھیں آنکھوں پر بٹھاتے تھے۔

(ب) خواجہ صاحب کے اصرار پر وہ میرے ساتھ ایک آدھ روز کے لیے جھنگ چلنے پر آمادہ ہو جاتا ہے جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو غالباً اس کے دل میں سب سے بڑا واہمہ یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبال ؒ کی باتیں پوچھ پوچھ کر اس کا سر کھپاؤں گا لیکن میں نے بھی عزم کر رکھا ہے کہ میں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر وہ واقعی علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں تو یہ جوہر عشق اور مُشک کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) سبق " مرزا محمد سعید " لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویّہ کیسا تھا؟

(ii) بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

(iii) سبق " مُلمّع " لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

(iv) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) سبق " اٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے " خواب سُن کر عباس کے دوستوں نے کیا عہد کیا؟

(vi) نظم " حمد " میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vii) نظم " اونٹ کی شادی " شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

(viii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) مرزا محمد سعید (ب) مُلمّع

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) علامہ محمد اقبال ؒ (ب) ماں باپ کے ساتھ سلوک (ج) علم کے فائدے

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات بمطابق مواد زیر بحث پیراگراف دیجیے۔ 5 x 2 = 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے ، تمام قومی رشتے ، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک ، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا ، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا ، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں ، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا ، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات

i۔ اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

ii۔ کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

iii۔ اسلام میں ترکی کے مسلمان چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

iv۔ کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فضیلت حاصل ہے؟

v۔ اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

www.pakcity.org